SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
October 6, 2016

## مالیاتی شعبے میں بہترین اداروں اور شخصیات میں ایوارڈز کی تقسیم

اسلام آباد، ۶ اکتوبر: مالیاتی شعبہ کے بہترین اداروں اور افراد کی خدمات کے اعتراف کے ضمن میں سی ایف اے سوسائٹی کے زیرِ اہتمام منعقد کی گئی تیرھویں ایوارڈز تقریب کراچی میں منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت سندھ کے وزیرِ اعلیٰ سید مراد علی شاہ نے کی جب کہ سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان کے چیئرمین ظفر الحق حجازی نے مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی وزیرِ اعلیٰ سندھ نے سی ایف اے سوسائٹی کو تقریب کے انعقاد پر مبارک باد پیش کیا اور کہا کہ ایسی تقاریب صنعت سے وابستہ افراد میں اپنے پیشہ ورانہ معیارات مزید بہتر بنانے کا جذبہ بیدار کرتی ہیں ظفر حجازی نے اس بات پر زور دیا کہ صنعت کے اکابرین معیارات کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے سرمایہ کاری کریں۔

" اُنہوں نے کہا ہم ایس ای سی پی میں نہ صرف ادارے کے اندر ہر سطح پر بلکہ مارکیٹ کے تمام شراکت داروں کو نظم وضبط میں لانے اور معیارات کے اعلیٰ ترین پیمانوں کی ترویج کے لئے کوشاں ہیں کیونکہ مارکیٹ میں منصفانہ اور مستعد طور طریقوں کو فروغ دئے بغیر ہم سرمایہ کاروں کا اعتماد حاصل نہیں کر سکتے جو کہ دورِ حاضر کی کیپٹل مارکیٹوں کے لئے جزوِلازم ہے"۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو قومی مالیات کاری میں زیادہ سے زیادہ شریک کرنے کے منصوبے کے تحت ایس ای سی پی اور مالیاتی شعبے کے دیگر ریگولیٹرز اہم اقدامات شروع کر رہے ہیں جن کے ذریعے ملک کے طول و عرض اور ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے اشخاص تک ان شعبوں کی رسائی میں بڑھ جائے گا۔

سی ایف اے سوسائٹی کے صدر اشرف باوا نے ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے سی ایف اے کی کوششوں پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں مختلف شعبوں اور درجوں میں ایوارڈز کا اعلان کیا گیا جن میں بینک، کارپوریٹ مالیات، سرمایہ کاری اور بروکریج فرمز شامل ہیں۔ تقریب میں یونائیٹڈ بینک کے صدر وجاہت حسین، اسلامی بینک کے صدر عرفان صدیقی، میزان بینک کے صدر حسن بلگرامی، بینک اسلامی کے صدر، دبئ اسلامی بینک کے صدر جنید احمد اور جے ایس گروپ کے چیئرمین جہانگیر صدیقی نے شرکت کی۔ سی ایف اے سوسائٹی پاکستان سی ایف اے انسٹیٹیوٹ سوسائٹی کی رکن ہے۔ جو تجزیہ کاروں، پورٹ فولیو مینجرز اور مالیاتی ماہرین کی عالمی تنظیم ہے اور دنیا بھر میں چارٹرڈ فنانشل تجزیہ کاروں کے لئے پروگرام کی نگرانی کرتی ہے۔ سی ایف اے انسٹی ٹیوٹ کے دنیا بھر میں ایک لاکھ سے زائد ووٹنگ ارکان ہیں اور اڑسٹھ ملکوں میں ایک سو چوالیس سوسائٹیاں اس کی رکن ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254